Activities and Achievements

Central Council for Research in Unani Medicine

سرگرمیاں اور کارنامے

سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن



CCRUM

COMMUNITY HEALTH CELL
LIBRARY AND INFORMATION CENTRE
BANGALORE-34

Activities and Achievements

سرگرمیاں اور کارنامے

COMMUNITY HEALTH CELL
LIBRARY AND INFORMATION CENTRE
BANGALORE-34

CENTRAL COUNCIL FOR RESEARCH IN UNANI MEDICINE

سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن



Hippocrates — the Father of Medicine

UNANI MEDICINE

Origin and Development

UNANI System of Medicine, as its name suggests, owes its origin to Greece. It was the Greek philosopher-physician Hippocrates (460–377 BC) who freed Medicine from the realm of superstition and magic and gave it the status of Science. The theoretical framework of Unani Medicine is based on Hippocrates' Humoral Theory. According to this theory the body contains four humors — Dam (blood), Balgham (phlegm), Safra (yellow bile) and Sauda (black bile); a right proportion or mixing of which constitutes health and improper proportion or irregular distribution constitutes disease.

After Hippocrates a number of other Greek scholars enriched the system considerably.

During the Golden Age of Arab civilization, the Arab scholars rendered almost all the Greek medical and scientific works into Arabic. The Arab scholars also wrote valuable treatises on various aspects of Unani Medicine. One of the most celebrated works was *Al-Qanoon fil Tibb*, authored by Avicenna, which remained a prescribed textbook in European countries as well as Arab World for about eight centuries.

طبِّ یونانی

آغاز و ارتقا

جیساکہ اس کے نام سے ظاہر ہے طبِ یونانی کی ابتدا یونان سے ہوئی۔ یہ یونانی فلسفی طبیب بقراط (460-377 ق م) کا کارنامہ ہے کہ اسس نے طب کو توہمات اور جادوگری کے جال سے نکال کر سائنس کا درجہ دلا دیا۔ طب یونانی کے نظریاتی ڈھانچے کا دار و مدار بقراط کے نظریۂ اخلاط پر ہے۔ اس نظریے کی رُو سے جسم انسانی میں چار اخلاط ہوتے ہیں جو دم، بلغم، صفرا اور سودا ہیں۔ جب جسم میں یہ اخلاط متوازن ہوتے ہیں تو انسان صحت مند ہوتا ہے اور اگر یہ اخلاط متوازن نہ رہیں تو بیماری کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

بقراط کے بعد متعدد دیگر یونانی عالموں نے اسس طریقۂ علاج کو قابلِ لحاظ ترقی دی۔

عرب تہذیب کے سنہری دَور میں عرب دانشوروں نے تقریباً تمام یونانی طبی اور سائنسی تصنیفات کو عربی جامہ پہنا دیا۔ انھوں نے طب یونانی کے مختلف پہلوؤں پر بے بہا رسائل تحریر کیے۔ اہم ترین تصنیفات میں سے ایک تصنیف "القانون فی الطب" ہے جس کا مصنف ابن سینا ہے۔ یہ کتاب عرب دُنیا کے علاوہ یوروپی ممالک میں بھی تقریباً آٹھ صدیوں تک نصاب میں شامل رہی۔

Introduction into India

When Mongols ravaged Persian and Central Asian cities like Shiraz, Tabrez and Geelan, scholars and physicians of Unani Medicine fled to India. The Delhi Sultans, the Khiljis, the Tughlaqs and the Mughal Emperors provided state partonage to the scholars and even enrolled some as state employees and court physicians. During 13th and 17th century Unani Medicine had its hey-day in India. Among those who made valuable contributions to this system in this period were, to name only a few, Abu Bakr bin Ali Usman Kashani, Sadruddin Damashqui, Bahwa bin Khwas Khan, Ali Geelani, Akbar Arzani and Mohammad Hashim Alvi Khan.

The Unani physicians who settled in India were not content with the known drugs but they subjected Indian drugs to clinical trials and as a result of their experimentation added numerous native drugs to their own system, thus further enriching its treasures. The system found immediate favour with the masses and soon spread all over the country and continued to hold an unchallenged sway for a long period even after the downfall of Mughal Empire.

During the British rule Unani Medicine suffered a setback and its development was hampered due to withdrawal of governmental partronage. But since the system enjoyed faith among the masses it continued to be practised. It was mainly the Sharifi Family in Delhi, the Azizi family in Lucknow and the Nizam of Hyderabad, due to whose efforts Unani Medicine survived in British period. An outstanding physician and scholar of Unani Medicine, Hakim Ajmal Khan (1864–1926) championed the cause of the system in India. The Hindustani Dawakhana and the Ayurvedic and Unani Tibbia College in Delhi are the two living examples of his immense contribution to the multipronged development of the two Indian systems of medicine — Unani Medicine and Ayurveda. In fact it was Ajmal Khan who first underscored the need for scientific research into Unani Medicine in 1920s.

The development of Unani Medicine as well as other Indian systems of medicine gained considerable momentum after Independence.

ہندوستان میں آمد

جب منگولوں نے فارس اور وسط ایشیا کے شیراز، تبریز اور گیلان جیسے شہروں کو تاراج کیا تو طب یونانی کے دانشوروں اور معالجوں نے ہندوستان ہجرت کی۔ دہلی کے خلجی، تغلق سلاطین اور مغل شہنشاہوں نے ان عالموں کو سرکاری سرپرستی میں لے لیا اور ان میں سے بعض کو درباری طبیب کی حیثیت سے ملازمت دی۔ تیرہویں سے سترہویں صدی عیسوی تک کا زمانہ ہندوستان میں طب یونانی کا درخشاں دور رہا۔ اس عرصے میں جن طبیبوں نے اس طریق علاج کی ترقی میں نمایاں حصہ لیا ان میں سے چند قابلِ ذکر نام ابوبکر بن عثمان کاشانی، صدرالدین دمشقی، بہوا بن خواص خاں، علی گیلانی، اکبر ارزانی اور محمد ہاشم علوی خاں ہیں۔

جن یونانی طبیبوں نے ہندوستان کو اپنا وطن بنایا انھوں نے ان ادویہ پر ہی انحصار نہ کیا جو پہلے سے جانی پہچانی تھیں بلکہ انھوں نے ہندوستان میں پائی جانے والی ادویہ پر تجربات کیے اور ان کی روشنی میں اپنی طب میں متعدد ہندوستانی ادویہ کو شامل کر کے اس کو مزید مالا مال کیا۔ اس طب نے جلد ہی عوام کے دلوں میں گھر کر لیا اور آن کی آن میں ملک بھر میں اس کا بول بالا ہو گیا اور ایک عرصے تک اس طریق علاج کا کوئی دوسرا طریقۂ علاج مدِمقابل نہ تھا اور سلطنتِ مغلیہ کے خاتمہ کے بعد تک بھی اس کی یہ حیثیت برقرار رہی۔

برطانوی دور میں طب یونانی کے راستے میں کچھ مشکلات حائل ہوئیں اور سرکاری سرپرستی سے محروم ہو جانے کے باعث اس کی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہوئی لیکن چونکہ عوام اس طریقہ علاج پر یقین رکھتے تھے اس لیے یہ فن زندہ رہا اور دہلی میں خاص طور پر خاندانِ شریفی، لکھنؤ میں خاندانِ عزیزی اور نظام حیدرآباد کی جدوجہد کے باعث برطانوی دور میں بھی طب

Even prior to Independence a Health Survey and Development Committee, set up by the Government of India in 1943, had underscored the future role to be played by these systems in India. And the conference of Health Ministers in 1946 had resolved that adequate provisions should be made for research in indigenous systems, Ayurveda and Unani. Following the recommendations of this conference a number of committees were appointed by the Government of India, famous of them being Colonel R.N. Chopra (1946) and C.G. Pandit (1949) committees. These committees recommended detailed outline for the promotion and development of Indian systems of medicine.

Hakim Ajmal Khan

However, systematic research in Unani and other Indian systems of medicine, under the patronage of the Government of India, started in 1969 with the establishment of a Central Council for Research in Indian Medicine and Homoeopathy (CCRIMH). For almost a decade research activities in Unani Medicine continued under the aegis of this Council. In 1978 the CCRIMH was split into four separate research councils - one each for Ayurveda and Siddha, Unani Medicine, Homoeopathy, and Yoga and Nature Cure.

یونانی کی شمع روشن رہی۔ طب یونانی کے ایک مایۂ ناز طبیب اور دانشور حکیم اجمل خاں (1926-1864) نے ہندوستان میں طب یونانی کے مقاصد کے حصول کے لیے زبردست جدوجہد کی۔ دہلی میں ہندوستانی دواخانہ اور آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج آج بھی ان کی طب یونانی اور آیورویدک جیسی دیسی طبوں کی ہمہ جہتی ترقی کی کوششوں کی جیتی جاگتی مثالیں ہیں۔ اور حقیقتاً یہ حکیم اجمل خاں ہی تھے جنھوں نے سب سے پہلے 1920 کے دہے میں طب یونانی میں سائنسی تحقیق کی اہمیت پر زور دیا۔

آزادی کے بعد طب یونانی اور دیگر دیسی طبوں نے ترقی کی جانب مستحکم قدم بڑھائے۔ آزادی سے پہلے بھی 1943ء میں حکومتِ ہند نے صحتی سروے اور ترقی کے لیے جو کمیٹی مقرر کی تھی اس نے بھی ہندوستان میں ان طبوں کے اس اہم رول پر زور دیا تھا جو ان کو آئندہ ادا کرنا تھا۔ اور 1946ء میں منعقدہ وزرائے صحت کی کانفرنس نے سفارش کی تھی کہ ہندوستانی طریقۂ علاج یعنی یونانی اور آیورویدک میں ریسرچ کے لیے معقول مالی اور دیگر وسائل مہیا کیے جائیں۔ اس کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں حکومتِ ہند کی جانب سے متعدد کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں جن میں سے کرنل آر۔ این چوپڑہ (1946ء) اور سی۔ جی پنڈت (1949ء) کمیٹیاں مشہور ہیں۔ ان کمیٹیوں نے تفصیلی طور پر دیسی طبوں کی ترقی کے لیے سفارشات پیش کی تھیں۔

تاہم یونانی اور دیگر دیسی طبوں کی باضابطہ ریسرچ حکومتِ ہند کی سرپرستی میں 1969ء سے اس وقت شروع ہوئی جب سنٹرل کونسل فار ریسرچ اِن انڈین میڈیسن اینڈ ہومیوپیتھی (سی۔سی۔آر۔آئی۔ایم۔ایچ) قائم ہوئی۔ تقریباً دس سال تک طب یونانی میں تحقیق بھی اسی کونسل کے تحت ہوتی رہی۔ 1978ء میں اس کونسل کو چار کونسلوں میں تقسیم کر دیا گیا اور یونانی طب، آیوروید وسدھا، ہومیوپیتھی اور یوگا و نیچر کیور کی علیحدہ علیحدہ کونسلیں قائم ہوگئیں۔

ABOUT THE COUNCIL

The Central Council for Research in Unani Medicine — an autonomous organisation under the Ministry of Health & Family Welfare, Government of India — is engaged in developing independent and multidimensional research into various fundamental and applied aspects of Unani system of medicine. The Council is fully financed by the Government of India, and during the nine years of its existence has achieved significant leads in its research programmes. The Minister of Health & Family Welfare is the President and the Minister of State for Health & Family Welfare is the Vice-President of the Council.

کونسل کے بارے میں

سنٹرل کونسل فار ریسرچ اِن یونانی میڈیسن جو وزارتِ صحت و خاندانی بہبود، حکومتِ ہند کے تحت ایک خود مختار تنظیم ہے، طب یونانی کے متعدد نظریاتی اور عملی پہلوؤں پر ہمہ جہتی تحقیقاتی ترقیات میں مصروف ہے۔ کونسل کے اخراجات کُلّی طور پر حکومتِ ہند پورا کرتی ہے اور اس نے اپنی نو سالہ مدّتِ قیام میں اپنے ریسرچ پروگراموں میں قابلِ ذکر پیش رفت کی ہے۔ مرکزی وزیرِ صحت و خاندانی بہبود، کونسل کے صدر اور وزیرِ مملکت برائے صحت و خاندانی بہبود اس کے نائب صدر ہیں۔

Institutional Network

At present there are 29 institutions under the Council which are functioning in different parts of the country. These include a Central Research Institute of Unani Medicine at Hyderabad (Andhra Pradesh), seven Regional Research Institutes of Unani Medicine — one each at Madras (Tamil Nadu), Bhadrak (Orissa), Patna (Bihar), Lucknow (Uttar Pradesh), Aligarh (Uttar Pradesh), Bombay (Maharashtra) and Sringar (Jammu & Kashmir), a Literary Research Institute in New Delhi, 10 Clinical Research Units — two in New Delhi and one each at Edathala (Kerala), Allahabad (Uttar Pradesh), Bangalore (Karnataka), Karimganj (Assam), Kurnool (Andhar Pradesh), Rewa (Madhya Pradesh), Bhopal (Madhya Pradesh) and Culcutta (West Bengal), five Drug Standardisation Research Units — one each at New Delhi, Hyderabad, Madras, Lucknow and Banglore, a Chemical Research Unit (Grant in aid) at Aligarh, a Central Herb Garden and Museum at Lucknow, two Family Welfare Research Units - one each at Hyderabad and Bombay, and an Information Centre in New Delhi.

ادارہ جات

سردست کونسل کے تحت ۲۹ ادارے ہیں جو ملک کے مختلف حصوں میں کام کر رہے ہیں۔ ان میں ایک سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن حیدر آباد (آندھرا پردیش) سات ریجنل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن جن میں سے ایک ایک مدراس (تامل ناڈو)، بھدرک (اڑیسہ)، پٹنہ (بہار)، لکھنؤ (یو۔پی)، علی گڑھ (یو۔پی)، بمبئی (مہاراشٹر) اور سرینگر (جموں و کشمیر) میں، ایک لٹریری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی میں، دس کلینیکل ریسرچ یونٹس، دو نئی دہلی میں، اور ایک ایک ایڈاتھلا (کیرالا)، الٰہ آباد (یو۔پی)، بنگلور (کرناٹک)، کریم گنج (آسام)، کرنول (آندھرا پردیش)، ریوا (مدھیہ پردیش)، بھوپال (مدھیہ پردیش) اور کلکتہ (مغربی بنگال) میں پانچ ڈرگ اسٹینڈرڈائزیشن ریسرچ یونٹس، ایک ایک نئی دہلی، حیدر آباد، مدراس، لکھنؤ اور بنگلور میں، ایک کیمیکل ریسرچ یونٹ (گرانٹ ان ایڈ) علی گڑھ میں ایک سنٹرل ہرب گارڈن اور میوزیم لکھنؤ میں دو فیملی ویلفیر یونٹس حیدر آباد اور بمبئی میں ایک ایک اور نئی دہلی میں ایک انفارمیشن سنٹر شامل ہیں۔

CCRUM
INSTITUTIONAL
NETWORK
Srinagar
Meerut
Delhi
Aligarh
Lucknow
Allahabad
Patna
Rewa
Bhopal
Calcutta
Karimganj
Bhadrak
Bombay
Hyderabad
Kurnool
Bangalore
Madras
Edathala
Headquarters
Central Research Institute
Regional Research Institute
Clinical Research Unit
Drug Standardisation Research Unit
Literary Research Institute
Family Welfare Research Unit
Central Herb Garden & Museum
Information Centre
Chemical Research Unit

Governing Body

The management of the affairs of the Council is entrusted to a Governing Body consisting of official and non-official members. The composition of the Governing Body is as follows:

گورننگ باڈی

کونسل کے معاملات کا نظم و نسق ایک گورننگ باڈی کے سپرد ہے جو سرکاری اور غیر سرکاری اراکین پر مشتمل ہے۔ گورننگ باڈی کی تشکیل اس طور پر ہوئی ہے :

President:
Minister of Health & Family Welfare, Govt. of India.

پریزیڈنٹ :
وزیر صحت و خاندانی بہبود حکومت ہند۔

Vice-President:
Minister of State for Health & Family Welfare, Govt. of India.

وائس پریزیڈنٹ :
وزیر مملکت برائے صحت و خاندانی بہبود، حکومت ہند۔

Official Members:

1. Secretary, Ministry of Health & Family Welfare, Govt. of India or his nominee.
2. Joint Secretary (Incharge of Indian Systems of Medicine), Ministry of Health & Family Welfare, Govt. of India.
3. Joint Secretary (Financial Adviser), Ministry of Health & Family Welfare, Govt. of India.

سرکاری اراکین :

۱۔ سکریٹری وزارت صحت و خاندانی بہبود، حکومت ہند یا ان کا نامزد کردہ۔
۲۔ جوائنٹ سکریٹری (انچارج ہندوستانی طریقہائے علاج) وزارت صحت و خاندانی بہبود، حکومت ہند۔
۳۔ جوائنٹ سکریٹری (فائننشل ایڈوائزر) وزارت صحت و خاندانی بہبود حکومت ہند۔

Member-Secretary: Director, Central Council for Research in Unani Medicine.

ممبر سکریٹری : ڈائرکٹر سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن۔

Non-Official Members:

1–5. Five experts of Unani Medicine (including one Professor/Research Worker in Unani Medicine).
6–8. Three scientists - one each in Pharmacognosy, Chemistry and Botany.
9. One expert in modern medicine.
10. Director, National Institute of Unani Medicine./Central Research Institute of Unani Medicine.

غیر سرکاری اراکین

۱ تا ۵۔ طب یونانی کے پانچ ماہرین (بشمول ایک پروفیسر/طب یونانی کا ریسرچ ورکر)
۶ تا ۸۔ تین سائنسداں، ایک فارماکولوجی (علم الادویہ)، ایک کیمسٹری (علم الکیمیا) اور ایک باٹنی (علم النباتات) میں۔
۹۔ ایک طب جدید کا ماہر۔
۱۰۔ ڈائرکٹر نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یونانی میڈیسن/سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ فار یونانی میڈیسن۔

The Governing Body is assisted by a Standing Finance Committee (SFC) and a Scientific Advisory Committee (SAC). The SFC considers the income and expenditure balance sheet of the Council and budget proposals for establishment of new research schemes, creation of posts, interpretation of rules and regulations having financial implications and such other matters as may be referred to it by the Governing Body. The SAC, besides allotting, monitoring and periodically evaluating the research programmes of the Council, renders technical guidance and supervision as also the advice on technical matters to the Governing Body.

گورننگ باڈی کو ایک اسٹینڈنگ فائننس کمیٹی (ایس۔ ایف۔ سی) اور ایک سائنٹفک ایڈوائزری کمیٹی (ایس۔ اے۔ سی) کی معاونت حاصل ہے۔ ایس۔ ایف۔ سی کونسل کے آمد و خرچ کی بیلنس شیٹ اور نئی ریسرچ اسکیموں کے قیام کے متعلق بجٹ کی تجاویز پر اور نئی اسامیاں نکالنے نیز ایسے قواعد و ضوابط کی توضیح جو مالیات سے متعلق ہوں اور ایسے دیگر معاملات پر غور کرتی ہے جو گورننگ باڈی کی جانب سے اس کو سونپے جائیں۔ ایس۔ اے۔ سی کونسل کے ریسرچ پروگراموں کو الاٹ کرنے، ان کا جائزہ لینے اور وقتاً فوقتاً ان کو جانچنے کے علاوہ تکنیکی معاملات پر گورننگ باڈی کی رہنمائی کرتی اور مشورہ دیتی ہے۔

Main Objects

The main objects for which Council is functioning are:

بُنیادی مقاصد

اہم مقاصد جن کے حصول کے لیے کونسل کام کر رہی ہے حسبِ ذیل ہیں :

Main Objects

1. The prosecution of and assistance in research, the propagation of knowledge and experimental measures generally in connection with the causation, mode of spread and prevention of diseases.

ریسرچ کے پروگراموں میں عملی تعاون، بیماریوں کے اسباب، ان کے پھیلاؤ اور ان کی روک تھام کے لیے معلومات کی فراہمی اور تجرباتی روشنی میں اقدامات۔

2. The formulation of aims and patterns of research on scientific lines in Unani Medicine.

طب یونانی میں سائنسی خطوط پر ریسرچ کے مقاصد اور لائحہ عمل کی تشکیل۔

3. To prepare, print, publish and exhibit any papers, posters, pamphlets, periodicals and books for furtherance of the objects of the Council and to contribute to such literature.

ایسے مقالات، اشتہارات، پمفلٹس، رسالوں اور کتابوں کی تیاری، طباعت، اشاعت اور نمائش جن کے ذریعے کونسل کے مقاصد کو بڑھاوا ملے نیز ایسے لٹریچر کی تیاری میں معاونت کرنا۔

4. To finance inquiries and researches for the furtherance of objects of the Council.

کونسل کے مقاصد کو ترقی دینے کے لیے معلومات اور ریسرچ کے کاموں میں مالی امداد دینا۔

5. To undertake any research or other programmes in Unani Medicine.

طب یونانی میں ریسرچ اور دیگر پروگراموں پر عمل درآمد۔

6. To exchange information with other institutions, associations and societies interested in the objects similar to those of the Council and specially in observation and study of diseases in East in general and in India in particular.

ایسے اداروں، تنظیموں اور انجمنوں سے معلومات کا تبادلہ کرنا جو کونسل کے جیسے مقاصد سے دلچسپی رکھتی ہوں خصوصاً ایسی بیماریوں کا جائزہ اور مطالعہ جو عمومی طور پر مشرقی ممالک اور خصوصی طور پر ہندوستان میں پائی جاتی ہیں۔

7. To initiate, aid, conduct, develop and coordinate scientific research in different aspects, fundamental and applied, of Unani Medicine, and to promote and assist institutions of research for the study of diseases, their prevention, causation and remedy.

طب یونانی کے متعدد نظریاتی اور عملی پہلوؤں پر سائنسی ریسرچ کی شروعات، امداد، عمل آوری، ترقی اور تال میل اور ایسے اداروں کی ترقی اور امداد جو بیماریوں اور ان کی روک تھام اور علاج پر ریسرچ میں مصروف ہیں۔



CCRUM ORGANISATIONAL SET-UP

کونسل کا تنظیمی نقشہ


Assistant Director (Unani)
اسسٹنٹ ڈائرکٹر (یونانی)
Research Officer (Unani)
ریسرچ آفیسر (یونانی)
Research Officer (Chemistry)
ریسرچ آفیسر (کیمسٹری)
Research Officer (Statistics)
ریسرچ آفیسر (اسٹیٹسٹکس)
Research Officer (Botany)
ریسرچ آفیسر (بوٹنی)
Research Officer (Clinical Pharmacology)
ریسرچ آفیسر (کلینکل فارماکولوجی)
Deputy Director (Tech.)
ڈپٹی ڈائرکٹر (ٹیکنیکل)
Hindi Section
ہندی سیکشن
Assistant Director (Admn.)
اسسٹنٹ ڈائرکٹر (ایڈمنسٹریشن)
Urdu Section
اردو سیکشن
Library
لائبریری
Information Centre
انفارمیشن سنٹر
Publication Section
پبلیکیشن سیکشن
Doc. & Reprog. Section
ڈاکومینٹیشن اینڈ ریپروگرافی سیکشن
Administrative Officer Administration Section & Establishment Section
ایڈمنسٹریٹو آفیسر
ایڈمنسٹریشن سیکشن اینڈ اسٹیبلشمنٹ سیکشن
Accounts Officer Accounts Section and Internal Audit Cell
اکاؤنٹس آفیسر
اکاؤنٹس سیکشن اینڈ انٹرنل آڈٹ سیل



YEARWISE FINANCIAL ALLOCATION
FOR CCRUM (1979–88)
(Rupees in millions)
30.82
30.26
16.53
12.64
10.43
9.19
7.43
6.05
3.98
1979–80
1980–81
1981–82
1982–83
1983–84
1984–85
1985–86
1986–87
1987–88
Years

PROGRAMME PROFILE

The research programme of the Council has been so devised that not only the system could stand on solid scientific foundations and be acceptable to the scientific world but also its benefits could be extended to the common man, particularly the underserved living in rural and farflung areas. Greater emphasis is being placed on achieving the national priorities. The areas of research chosen by the Council include clinical research, standardisation of single and compound drugs, literary research, survey and cultivation of medicinal plants, and family welfare research.

Clinical Research

The clinical research programme of the Council aims at critical appraisal of the theory of pathogenesis, symptomatology, clinical methods of diagnosis and prognosis, principles, lines and methods of treatment enunciated in the classical texts of Unani system of medicine. The programme has been taken up with a view to providing economically cheap but effective remedies for common as well as chronic ailments. Concerted efforts are being made to scientifically establish the therapeutic efficacy of various Unani drugs which have been in use of the physicians for centuries. The Council has therefore taken up both disease- and drug-based trials.

The diseases on which clinical trials are going on in the institutes and units of the Council include Bars (Vitiligo), Iltaheb-e-Tajaweef-e-Anf (Sinusitis), Iltehab-e-Kabid (Infective hepatitis), Hasatul Kuliya wa Masana (Renal and bladder calculus), Qarah-e-Meda wa Asna-e-Ashari (Ulcer of G.I. Tract), Ziabetus Sukkari (Diabetes mellitus), Wajaul Mafasil (Rheumatoid arthritis), Zeequn Nafas (Bronchial asthma), Jarbo Hikka (Scabies), Nar-e-Farsi (Eczema), Ishal-e-Atfal (Infantile diarrhoea),

پروگرام کا خاکہ

کونسل کا ریسرچ پروگرام اس طور پر مرتب کیا گیا ہے کہ نہ صرف یہ کہ طب یونانی ٹھوس بنیادوں پر قائم رہ سکے اور سائنسی دنیا سے قبولیت حاصل کر سکے بلکہ اس کے فوائد عام آدمی تک خصوصاً اس آبادی تک پہنچیں جس کو کم سے کم صحتی مفادات حاصل ہو سکے ہیں اور جو بیشتر دیہات اور دور دراز علاقوں میں رہتی ہے۔ ترجیحی قومی نشانوں کے حصول پر زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔

کونسل کی جانب سے ریسرچ کے جن میدانوں کو چُنا گیا ہے ان میں معالجاتی، مفرد اور مرکّب ادویہ کی معیار بندی، علمی تحقیق، دوائی پودوں کا سروے اور کاشت اور خاندانی بہبود سے متعلق تحقیق شامل ہے۔

معالجاتی تحقیق

معالجاتی تحقیق پروگرام کا مقصد، قدیم یونانی طبی کتابوں میں بیان کردہ، امراض کے اسباب و علامات، تشخیصی طریقے، انذار مرض، اصولِ علاج اور طریقۂ علاج کا تنقیدی مطالعہ ہے۔ اس پروگرام کو اس مقصد کے ساتھ ہاتھ میں لیا گیا ہے کہ عام اور مزمن امراض کے لیے موثر اور ارزاں علاج دریافت کیے جا سکیں اور متعدد ایسی یونانی ادویہ کی معالجاتی اثر پذیری کو سائنسی طور سے ثابت کیا جا سکے جن کو اطبا ر صدیوں سے مریضوں کو استعمال کراتے رہے ہیں۔ چنانچہ کونسل نے امراض اور ادویہ دونوں کی تحقیق پر توجہ مرکوز کی ہے۔

جن امراض پر کونسل کی یونٹوں اور انسٹی ٹیوٹس میں معالجاتی تحقیق کی جا رہی ہے ان میں برص، التہاب تجاویف انف، التہاب کبد، حصاۃ الکلیہ و مثانہ، قرحہ معدہ و اثنا عشری، حمی اجامیہ،



Council's physician examining a Bars (Vitiligo) patient in the IPD of the Central Research Institute of Unani Medicine, Hyderabad.

Council's physicians attending to patients in the OPD of RRIUM, Madras.

A nurse applying medicine on the head of a Bars (Vitiligo) case.



Photograph of a Yarqan (Jaundice) patient showing yellowness in the eyes.

Before Treatment

After Treatment

Jarb-o-Hikka *(Scabies)*

Nar-e-Fassi *(Eczema)*

Daul Feel *(Filariasis)*

Before Treatment

After Treatment



Irq-e-Madani *(Guinea-worm infestation)*

Ishal-e-Muzmin (Chronic diarrhoea), Zusantaria Mevi (Amoebic dysentery), Deedan-e-Ama (Helminthiasis) and Irq-e-Madani (Guinea worm infestation). On these 17 problems 55 combinations of Unani drugs are being clinically tested.

Extensive clinical and therapeutic studies on the problem of Bars (Vitiligo) taken up at the Council's Central Research Institute of Unani Medicine, Hyderabad, which has over the years attained great repute for the treatment of this disorder and since its establishment in 1972 has registered over 20,000 Bars patients, have scientifically established the efficacy of six combinations of Unani drugs in this disease. A study on these drugs tried on a sample of 6000 Bars patients has since been published in the form of a monograph entitled 'Clinical Studies on Bars (Vitiligo).'

Clinical studies done by the Council's researchers have also been published on two other problems — Zeequn Nafas (Bronchial aasthma) and Wajaul Mafasil (Rheumatoid arthritis).

Besides, the Council has achieved significant results in the studies on some other problems like Iltehab-e-Tajaweef-e-Anf (Sinusitis), Iltehab-e-Kabid (Infective hepatitis), Sailanur Rahem (Leucorrhoea), Ishal-e-Atfal (Infantile diarrhoea), Nar-e-Farsi (Eczema) and

داء الفیل، ذیابیطس سکری، وجع المفاصل، ضیق النفس، جرب و حکہ، نار فارسی، اسہال اطفال، اسہال مزمن، ذوسنطاریا معوی، دیدان امعاء اور عرق مدنی شامل ہیں۔ ان سترہ امراض پر یونانی ادویہ کے پچپن مرکبات کے معالجاتی اثرات زیر مطالعہ ہیں۔

برص کے متعدد پہلوؤں پر کونسل کے سنٹرل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، حیدرآباد میں کام ہو رہا ہے۔ جس نے اس مرض کے علاج میں گذشتہ چند برسوں میں زبردست شہرت حاصل کرلی ہے۔ ۱۹۷۲ء میں اس کے قیام کے بعد سے یہاں پر بیس ہزار سے زائد مریض رجسٹرڈ کیے گئے ہیں اور برص کے علاج کے چھ یونانی مرکبات کی تاثیر کو سائنسی طور پر ثابت کیا جا چکا ہے۔ برص کے چھ ہزار مریضوں پر آزمائے ہوئے ان دواؤں کے نتائج و اثرات پر مطالعہ پر "کلینکل اسٹڈیز آن برص (وٹی لیگو)" کے عنوان سے ایک اہم مونوگراف بھی شائع کیا گیا ہے۔

کونسل کے ماہرین ریسرچ نے دیگر دو امراض ضیق النفس اور وجع المفاصل پر کلینکل مطالعات کی اشاعت بھی کی ہے۔ مزید برآں کونسل نے چند دیگر امراض مثلاً التہاب تجاویف انف، التہاب کبد، سیلان الرحم، اسہال اطفال، نار فارسی اور حمیّ اجامیہ پر بھی قابلِ ذکر پیش رفت کی ہے۔ سیلان الرحم اور التہاب کبد پر مونوگراف بھی اشاعت کے لیے تیار ہیں۔

PROGRESS IN MEDICARE PROGRAMME

(Graph showing yearwise number of patients of common ailments attended during 1979–87)



Blood grouping and other tests in process in the Biochemistry Laboratory of CRIUM, Hyderabad.

Tissue Processing at the Pathology Laboratory of CRIUM, Hyderabad.

Humma-e-Ijamia (Malaria). Monographs on Sailanur Rahem (Leucorrhoea) and Iltehab-e-Kabid (Infective hepatitis) are ready for publication.

Along with clinical trials, pathological, biochemical and pharmacological studies are also being undertaken on different problems.

Mobile Clinical Research Programme

Under this programme such rural and far-flung areas are covered as are predominantly inhabited by SC/ST population

کلینکل تجربات کے ساتھ مختلف امراض پر پیتھالوجیکل، بایوکیمیکل اور فارماکولوجیکل مطالعات بھی کیے جارہے ہیں۔

گشتی معالجاتی تحقیق

اس پروگرام کے تحت وہ دیہی اور دور دراز کے علاقے آتے ہیں جن میں زیادہ تر مندرجہ فہرست ذاتیں اور قبائل آباد ہیں اور جہاں طبی سہولتیں بہت کم یا بالکل معدوم ہیں اور

A researcher of the Council measuring strength of tablets in the Pharmacy of CRIUM, Hyderabad.

A researcher working in the Pharmacology Laboratory of CRIUM, Hyderabad.

X-ray of head being performed in the Radiology Laboratory of CRIUM, Hyderabad.

Endoscopy of a patient of Qarah-e-Meda (Peptic Ulcer) at the Osmania General Hospital, Hyderbad,

and where health care facilities are either rare or none at all. And since the possibilities of coming across cases of common as well as chronic diseases are high in such areas, the researchers of the Council make door-to-door surveys in these areas mainly to register research cases of different ailments. The researchers also provide free medical treatment to the ailing people, nearer to their doorsteps, and thus serve as a potential source of health care delivery to the masses.

Presently, 14 institutes/units have such mobile wings. So far 90 villages and urban slums having a population of eight lakh, including 1.38 lakh people belonging to SC and 8,677 people belonging to ST have been covered under this programme.

چونکہ ایسے علاقوں میں عام اور مزمن امراض کے زیادہ امکانات موجود ہیں اس لیے کونسل کے ریسرچ کرنے والے گھر گھر جاکر سروے کرتے ہیں تاکہ مختلف امراض کی ریسرچ کے لیے کیسوں کو درج رجسٹر کیا جا سکے۔ ریسرچ کرنے میں مصروف لوگ مریضوں کا علاج ان کے گھروں کے نزدیک مفت کرتے ہیں اور اس طرح عوام تک ترسیلِ صحت کا اہم ذریعہ بنتے ہیں۔

سرِدست چودہ انسٹی ٹیوٹس / یونٹوں کے ساتھ موبائل وِنگ منسلک ہیں اور اب تک 90 دیہات اور شہروں کی گندی بستیاں ان کے تحت آئے ہیں جن کی آبادی آٹھ لاکھ ہوتی ہے جس میں ایک لاکھ اڑتیس ہزار (138000) مندرجہ فہرست ذاتوں کے اور آٹھ ہزار چھ سو ستتر (8677) قبائلی ہیں۔

Researchers of CRIUM, Hyderabad while making door-to-door survey of health and morbidity in rural areas, interviewing a tribal woman.

Council's workers extending health care services to the rural population at their door-steps.

School Health Programme

This programme aims at conducting health check-ups of school children, and providing free treatment to those suffering from different diseases, besides promoting health consciousness among them. Under this programme primary and secondary schools, particularly in rural areas, are covered. This programme was started in 1986 and since then 3000 school children have been benefited.

اسکولوں کا صحتی پروگرام

اس پروگرام کا مقصد اسکول کے بچوں کی صحتی جانچ اور مختلف امراض کے شکار بچوں کو مفت علاج نیز ان پر صحتی اصولوں کی اہمیت واضح کرنا ہے۔ اس پروگرام کے تحت خاص طور پر دیہی علاقوں کے پرائمری اور سکنڈری اسکولوں کے بچوں کو لیا جاتا ہے۔ یہ پروگرام 1986 ء میں شروع کیا گیا تھا اور اس کے بعد سے اسکولوں کے تین ہزار بچّے اس سے مستفید ہوئے ہیں۔

Council's physician attending to school children.

Medical aid-cum-relief Operations

The Council participated in the medical aid-cum-relief operations during dysentery epidemic in West Bengal in 1984, conjunctivitis epidemic in Delhi in 1982 and MIC gas leak tragedy in Bhopal in 1984. The Council's physicians and researchers successfully treated the victims with Unani medicines, winning their gratitude.

طبی سہولیات کی فراہمی

کونسل نے 1984 ء میں مغربی بنگال میں پیچش کی وبا کے دَوران، نیز دہلی میں 1982 ء میں امراضِ چشم کی وبا اور 1984 ء میں بھوپال میں ایم-آئی-سی کی مہلک گیس کے اخراج کے موقع پر متاثرہ لوگوں کو طبّی امداد بہم پہنچائیں۔ کونسل کے طبیبوں اور ماہرینِ ریسرچ نے یونانی ادویہ سے ان مواقع پر علاج کیا اور عوام نے ان کی خدمات کو بہت سراہا۔

Akhlat (Humors) Project

A project has been taken up to scientifically test the concept of Akhlat (Humors) and its relevance to human health and disease. Under this project clinical, physiological, pathological and biochemical parameters of the subjects having different temperaments are being studied with a view to establishing correlation between them. The project is being undertaken at the Central Research Institute of Unani Medicine, Hyderabad.

Experiments on the Efficacy of Cupping (Hajamat)

